بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبت

درشانِ نائبِ ختم المرسلین، امیرالمومنین حضرت ابوبکر صدیقِ اکبرؓ

عارفِ حق، وہ کاشفِ اسرار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار
جن کے آقا ہیں سیّدالابرارؐ　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

اللہ اللہ! یہ مرتبہ، یہ مقام　　ان کی خاطر فلک سے آئے سلام
درس گہ ان کی، محفلِ سرکارؐ　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

خُلق ہے خُلقِ مصطفیٰؐ آثار　　حکمِ قرآن ان کا ہے معیار
ان کا سینہ ہے مصحفِ انوار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

نائبِ خیرِ انبیاؐ ہیں عتیق　　صدق و تصدیق سے ہوئے صدیق
کاروانِ صفا کے ہیں سالار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

میرِ امّت، وہ راز دارِ رسولؐ　　اتباعِ نبیؐ ہے جن کا اصول
اذنِ سرکارؐ سے ہوئے سردار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

ان کی قسمت تھی یہ بھی خدمتِ دین　　یعنی قرآنِ پاک کی تدوین
خیر و تسلیم کا ہیں وہ شہکار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

جو بھی کچھ ہے، نبیؐ پہ ہے قربان　　جن کے مدّاح حضرتِ حسّانؓ
باعثِ خیر ان کا ہے دیدار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

کیوں نہ سب کی نگاہ میں ہوں عظیم!　　جن کے داماد ہیں رسولِ کریمؐ
دُخترِ نیک بھی کرم اطوار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

سفرِ دِیں کے مرحلوں میں شریک　　وہ ہوئے سارے معرکوں میں شریک
ہر سعادت کے ہو گئے حق دار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

ہے مزاج ان کا یوں تو نرم و گُداز　　دل نشیں، دل پزیر ہے انداز
پیشِ دشمن مگر بنے تلوار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

ان کے حسنِ عطا، کرم کا کمال　　زندگی پا رہے ہیں پھر سے بلالؓ
فقر آثار وہ سخی کردار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

ہاں، محمدؐ کے پاس ہے ہر ایک　　چار یاروں میں خاص ہے ہر ایک
فضل والے، نبیؐ کے سارے یار　　ثانی اثنینِ اذھما فی الغار

سیّد حامد یزدانی

ٹورانٹو۔ جمادی الثانی ۱۴۴۲ھ